© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### حضرت مولانا حافظ اخلاق احمد صاحب خطیب برطانیہ کی جہلم آمد اور تبلیغی سرگرمیاں

گزشتہ دنوں معروف عالم دین حضرت مولانا حافظ اخلاق احمد خطیب برطانیہ سابق مدرس جامعہ علوم اثریہ برطانیہ سے جہلم تشریف لائے۔ اپنے قیام کے دوران انہوں نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث، جامع مسجد اہل حدیث لاہور موڑ، جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ، جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ اور جامع مسجد اہل حدیث بن خرماں آزاد کشمیر میں خطبات جمعہ ارشاد فرمائے، خطبات جمعہ کے علاوہ جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن، جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلہ اور دیگر مساجد میں دروس قرآن اور تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھا۔ اللہ تعالیٰ اُن کے علم وعمل میں اضافہ فرمائے۔ آمین

### موضع بوڑھیاں تحصیل دینہ ضلع جہلم میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر درس قرآن وحدیث

مورخہ یکم ستمبر بروز اتوار دن 11 بجے جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار کے قریب ماسٹر محمد افضل صاحب کی رہائش گاہ موضع بوڑھیاں میں عظیم الشان پروگرام منعقد ہوا جس میں مقرر شیریں بیان حضرت مولانا بہادر علی سیف صاحب خطیب سمندری نے درس قرآن وحدیث ارشاد فرمایا۔ جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ درس کے بعد ماسٹر محمد افضل صاحب اور ان کے بھائیوں نے شرکاء کیلئے ضیافت کا اہتمام کیا۔

## وفیات

### فیصل حمید، حاجی محمد جمیل، حبیب الرحمٰن ومحمد اقبال کو صدمہ

مورخہ 21 جولائی بروز اتوار فیصل حمید کے والد، حاجی محمد جمیل، حبیب الرحمٰن ومحمد اقبال کے بھائی حاجی عبدالحمید وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

### محمد شاہد سیٹھی، محمد زاہد سیٹھی ومحمد شہباز سیٹھی (کشمیر آپٹیکل) کو صدمہ

مورخہ 22 جولائی بروز سوموار محمد شاہد سیٹھی، محمد زاہد سیٹھی اور محمد شہباز سیٹھی کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com